© rasailojaraid.com

جو مسلمانوں میں سے مجھ سے علیحدہ رہے گا وہ کاٹا جائے گا۔ بادشاہ ہو یا غیر بادشاہ۔ ثابت ہوتا ہے کہ اس کا الہام کرنے والا خدا بھی صرف مسلمانوں کا ہی دشمن ہے ان کے خون کا پیاسا ہے اور جو لوگ دین اسلام کے دشمن اور اس کے رسول پاک ﷺ کی توہین کرتے ہیں ان سے خوش ہے اور اپنی دنیا میں قادیانی اور اس کے گروہ کے ساتھ باقی رکھنے کے لئے منتخب کیا ہے۔ (مولانا ابو قاسم دلاوری ''رئیس قادیان'')

مرزا غلام احمد عمر بھر اسلامی ممالک کے خلاف زہر اگلتے رہے اور برطانوی استبداد کی معاونت کر کے اُس کی عظمت کا ڈھنڈورا پیٹتے رہے کبھی اپنے آپ کو انگریزی سامراج کا تعویز کہتے اور کبھی یہ بھی کہتے کہ خدا انگریزوں کے ساتھ بڑا خوش ہے اور ان مسلمانوں کے ساتھ ناراض ہے جو انگریزوں کی مخالفت کرتے ہیں۔ مرزا غلام احمد کی انگریز نوازی اور مسلم دشمنی کا سلسلہ اس کی موت تک جاری رہا۔ ۱۹۰۷ء میں یعنی اپنی موت سے صرف ایک برس پہلے انہوں نے اپنی قوم یعنی قادیانیوں کے لئے ایک نصیحت نامہ شائع کیا۔ جو قادیانیوں کے لئے نصیحت کے ساتھ ساتھ قادیانی جذبات کا منہ بولتا ثبوت بھی ہے جو مرزا اسلامی ممالک کے بارے میں رکھتے تھے۔ اس تحریر سے ایک تقابل بھی اُبھر کر سامنے آتا ہے جو قادیانی سربراہ کے ذہن میں موجود تھا اور اس تقابل سے یہ بات بھی ثابت ہو جاتی ہے کہ مسلمانوں کے مقابلے میں قادیانی یہودیوں اور انگریزوں کے بارے میں کیا خیالات رکھتے ہیں اور کیوں؟ نصیحت نامہ ملاحظہ فرمائیں۔

(جاری ہے)


زیر سرپرستی
پیر طریقت حضرت
سید نفیس الحسینی
دامت برکاتہم

# مکتبہ ختم نبوت کا قیام

**رابطہ:** قاری عمر حیات/ قاری ابوبکر شجاع آبادی (فون: 042-5862404)

جس میں عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کی جملہ مطبوعات سمیت مختلف مکاتب فکر کے علماء کرام، مشائخ عظام کی ردّ قادیانیت پر مشتمل تصنیفات نیز قرآن پاک معرا، مترجم، تفاسیر، کتب حدیث و تراجم، اسلامی، عربی، اردو کتب..... بازار سے بارعایت دستیاب ہیں۔

دینی مدارس اور طلبہ کیلئے خصوصی رعایت

38۔ غزنی سٹریٹ، اردو بازار۔ لاہور


© rasailojaraid.com